روزنامہ لازوال
ہمیشہ آپ کے ساتھ

# سرینگر میں موسیقی کے ایک بڑے پروگرام کا اہتمام

## کلچرل اکیڈیمی اور کشمیر میوزک کلب سرینگر کی کاوش کی ہوئی ستائش



جمیل انصاری

سرینگر////جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اور لینگویجز کے اہتمام اور کشمیر میوزک کلب سری نگر کے اشتراک سے یومِ جمہوریہ کی تقریبات کے پیشِ نظر پنڈت بھجن سوپوری آڈیٹوریم پولو ویو سرینگر میں ایک بڑے موسیقی کے پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔جس کا مقصد فن اور ثقافت کے ذریعے حُب الوطنی، امن، مساوات اور بھائی چارے کو فروغ دینا تھا۔اس موقع پر جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ کے مشیر جناب ناصر اسلم وانی نے بطور مہمان خصوصی تقریب میں شرکت کی، جبکہ گلمرگ کے ایم ایل اے اور سابق بیوروکریٹ جناب فاروق احمد شاہ مہمان خصوصی کی حیثیت سے تقریب میں موجود رہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب ناصر اسلم وانی نے اتحاد اور حب الوطنی کو فروغ دینے میں ثقافتی پروگراموں کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے جموں وکشمیر کے فنکاروں کی حمایت کرنے اور خطے کے ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے حکومت کے عزم کو اجاگر کیا۔جناب فاروق احمد شاہ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے منتظمین اور معاونین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ موسم سرما کے مشکل حالات کے باوجود اتنی خوبصورتی سے ترتیب دی گئی ثقافتی تقریب کا انعقاد کرنا ایک بہت بڑی بات ہے۔انہوں نے فن اور ثقافت کے فروغ کے لیے کلچرل اکیڈیمی اور کشمیر میوزک کلب کی کاوشوں کو سراہا۔اکیڈیمی کے ڈپٹی سیکریٹری اور ڈویژنل ہیڈ سید شکیل الرحمٰن نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا، جس میں انہوں نے آرٹ کی مستند شکلوں کے تحفظ وَ فروغ اور جموں وکشمیر میں فنکاروں کو مدد فراہم کرنے کے اکیڈیمی کے عزم کا اعادہ کیا۔معروف گلوکار، ثقافت شناس اور کشمیر میوزک کلب سری نگر کے چیئر مین جناب وحید جیلانی جنہوں نے تقریب کے انعقاد میں اہم کردار ادا کیا، نے مہمانوں، شُرکاءِ اور دیگر فنکاروں کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے اکیڈیمی کی سیکریٹری ہروِیندر کور اور اکیڈیمی کے تمام عملے کا بھی شکریہ ادا کیا جن کے تعاون سے یہ پروگرام بغیر کسی رکاوٹ کے منعقد ہو پایا۔پروگرام میں تجربہ کار کشمیری فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کر کے حاضرین سے داد و تحسین حاصل کی۔جن فنکاروں نے ’’جشنِ جمہور‘‘ پروگرام میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا ان میں ایم اے شاخساز، جی اے صوفی، قیصر نظامی، اعجاز راہ، منیر احمد میر، وحید جیلانی، شاہی ممتاز اور دیگر فنکاروں نے حب الوطنی کے گیتوں سے حاضرین کو مسحور کیا اور ہم آہنگی اور اتحاد کو فروغ دینے میں فن اور ثقافت کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔

# سام سنگ نے نئے گلیکسی ایس سیریز اسمارٹ فون کی پیشگی بکنگ شروع کی

## پیشگی بکنگ پر صارفین کو خصوصی فوائد اور جلد رسائی کی سہولت

لازوال ڈیسک

جموں//بھارت کی سب سے بڑی کنزیومر الیکٹرانکس کمپنی، سام سنگ نے آج اعلان کیا کہ صارفین بھارت میں آج سے اپنے نئے گلیکسی ایس سیریز اسمارٹ فون کی پیشگی بکنگ کر سکتے ہیں۔ نئی گلیکسی ایس سیریز مصنوعی ذہانت (AI) کے میدان میں ایک نئے دور کا آغاز کرے گی اور جدید گلیکسی اختراعات پیش کرے گی جو زندگی کے ہر لمحے کو مزید آسان اور پرکشش بنائیں گی۔

صارفین سام سنگ کی ویب سائٹ، سام سنگ ایکسکلوزیو اسٹورز، اور ملک بھر کے نمایاں آن لائن اور آف لائن ریٹیل اسٹورز پر صرف 2000 روپے کے ٹوکن ادائیگی کے ذریعے گلیکسی ایس سیریز کی پیشگی بکنگ کر سکتے ہیں۔ پیشگی بکنگ کرنے والے صارفین کو جلد رسائی کے ساتھ ساتھ نئی گلیکسی ایس سیریز ڈیوائسز کی خریداری پر 5000 روپے تک کے خصوصی فوائد بھی ملیں گے۔سام سنگ اپنی نئی گلیکسی ایس سیریز میں مصنوعی ذہانت کے اگلے ارتقاء کو متعارف کرائے گا، جو صارفین کی روزمرہ زندگی میں دنیا کے ساتھ تعامل کا انداز بدل دے گا۔

سام سنگ کی یہ نئی گلیکسی ایس سیریز موبائل AI کے تجربات کے لیے نئے معیار قائم کرے گی۔گلیکسی ایس سیریز کا نیا ورژن 22 جنوری کو کیلیفورنیا کے شہر سان ہوزے میں گلیکسی ان پیکڈ ایونٹ میں پیش کیا جائے گا۔

# سید محمد الطاف بخاری کا بجہامہ اُوڑی کے محمد فرید خان کی رحلت پر گہرے دُکھ اور افسوس کا اظہار

## کہا،’مرحوم کے ساتھ میرے گہرے مراسم تھے، اُن کی وفات میرے لئے ذاتی صدمہ ہے‘



لازوال ڈیسک

سرینگر/// اپنی پارٹی کے سربراہ سید محمد الطاف بخاری نے بجہامہ اوڑی کے محمد فرید خان کے انتقال پر اپنے گہرے دُکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موصوف کی وفات اُن کے لئے کسی صدمے سے کم نہیں۔انہوں نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ مرحوم کے ساتھ اُن کے دیرینہ شناسائی اور تعلقات تھے۔سید محمد الطاف بخاری نے اپنے ایکس ہینڈل پر لکھا،’’مجھے محمد فرید خان کے انتقال کے بارے میں سن کر بہت دُکھ ہوا۔اُن کے ساتھ میرے گہرے مراسم تھے۔وہ ہمارے پڑوسی تھے، جب ہم ہم بجہامہ اُوڑی میں رہتے تھے۔ ہمارے تعلقات دہائیوں پر محیط ہے، اس وجہ سے مجھے اُن کی رحلت سے دھچکہ لگا ہے اور یہ میرے لئے ایک ذاتی نقصان ہے۔اللہ تعالیٰ اُنہیں جنت الفردوس میں ایک اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور اُن کی قبر پر اپنی رحمتیں نازل کرے۔‘‘

سوگوار کنبے سے اپنی دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے سید محمد الطاف بخاری نے کہا،’’غم کی اس گھڑی میں، میں سوگوار کنبے، بالخصوص مرحوم کے برادر محمد سعید خان اور مرحوم کے فرزندان عابد فرید، عاقب فرید، عادل فرید، اور حامد فرید کے ساتھ یکجہتی میں کھڑا ہوں۔اللہ تعالیٰ انہیں یہ گہرا صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔‘‘

# کربلائی گروپ اوڑینہ سوناواری کے اہتمام سے

## جشن مولود کعبہ کی مناسبت سے روح پر محفل



لازوال ڈیسک

سرینگر////جشن ولادت باسعادت حضرت علی علیہ السلام کی مناسبت سے اوڑینہ سوناواری میں ایک روح پرور محفل کا اہتمام ہوا جس کا اہتمام کربلائی گروپ اوڑینہ سوناواری نے کیا تھا۔محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت اشتیاق حسین کو حاصل ہوئی جبکہ پیر غلام محمد نے نعت شریف اور اعتزاز حسین نے منقبت پیش کی۔مہمانوں کا استقبال غلام رسول نے کیا۔محفل میں مقامی درسگاہ کے طلبہ وطالبات کے علاوہ مقامی لوگوں نے شرکت کر کے محفل کو زینب بخشی۔اس موقع پر مولانا منظور احمد نے شیر خدا شاہ ولایت حضرت علی علیہ السلام کی پاک سیرت پر روشنی ڈالی اور ان کے معجزات اور کمالات بیان کئے۔اس دوران جشن مولود کعبہ کی شان میں ایک مشاعرے کا بھی اہتمام ہوا جس میں کئی ممتاز شاعر اہلبیت علیہ السلام نے شرکت کر کے شیر شاہ ولایت مولائے کائنات کی شان قصیدے بیان کئے۔ان شعراء میں شاعر اہلبیت سید عباس جوہر اور اندر کلچرل فورم کے صدر سلیم یوسف قابل ذکر ہیں۔ اس مشاعرے کی نظامت کے فرائض غلام حسن حسن نے انجام دئے۔محفل کے اختتام پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات میں اسناد اور انعامات تقسیم کئے گئے۔محفل کے اختتام پر کربلائی گروپ کے صدر سجاد نے تمام شرکاء محفل اور دیگر مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

مولانا شمس الدین قاسمی کے انتقال پر ماسٹر جلال الدین ویلفیئر سوسائٹی کا اظہار تعزیت

## حضرت مولانا اور ماسٹر شبیر احمد کے موت کو عظیم نقصان دیا قرار

ریاض ملک

منڈی/// ضلع پونچھ کے نامور عالم دین اور جامعہ تعلیم القران وجامعہ الصالحات اڑائی کے بانی و مہتمم مولانا شمس الدین قاسمی کے انتقال پر ماسٹر جلال الدین ویلفیئر سوسائٹی کے چیئر مین شبیر احمد بھٹ کی جانب سے گہرے رنج کا اظہار کیا گیا۔ اور مولانا مرحوم کے انتقال پر جملہ پسماندگان، لواحقین، محبین، متعلقین، شاگر جامعہ کے اساتذہ معلمات اور طلباء کے ساتھ اظہار تعزیت کیا ہے۔ اور مولانا کے انتقال کو علاقہ کے لئے ایک بہت بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے ان کی مغفرت بخشش اور درجات کی بلندی کے لئے دعا کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا نے گاوں اڑائی میں دینی خدمات انجام دیتے ہوئے جہاں علم کی روشنی پھلائی ہے۔ اور ہزاروں حفاظ، علماء مفتیان کرام ان کھ فیض سے تیار ہوے ہیں۔ اور علاقہ میں بچوں کے لئے الگ اور بچیوں کے لئے الگ اور عصری تعلیم کے لئے الگ شعبہ قائم کر کے خطہ پیر پنچال بلخصوص پونچھ منڈی اور اڑائی کے لوگوں پر احسان کیا ہے۔ جس کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔ مرحوم نہائیت ہی ملنسار بردبار، باہمت صلاحیت مند اور غریب عوام کا درد رکھنے والے تھے۔ ادارہ کے ساتھ ساتھ عالی شان مسجد شریف بھی تیار کر کے اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ اللہ پاک ہم سب کو بھی ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ جبکہ ماسٹر شبیر احمد نے بھی محکمہ تعلیم میں خدمات انجام دیتے ہوئے طویل علالت کے بعد داعی اجل کو لبیک کہا۔ اللہ پاک نہیں بھی اور حضرت مولانا کو بھی جنت الفردوس میں مقام عالی نصیب فرمائے۔ جملہ لواحقین صبر جمیل عطا فرمائے۔

# ڈسٹرکٹ کلچرل سوسائٹی کا ایک وفد ضلع ترقیاتی کمشنر پلوامہ سے ملاقی



تنہا ایاز

پلوامہ//// ضلع پلوامہ کی معروف ادبی و ثقافتی تنظیم ڈسٹرکٹ کلچرل سوسائٹی کا ایک اعلی سطحی وفد ضلع ترقیاتی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم کے ساتھ ملاقی ہوا۔ وفد میں موجود کئی ممبران نے ضلع پلوامہ میں کلچرل ہال تعمیر کرنے کے ساتھ ساتھ ثقافتی سرگرمیوں اور ترقیاتی کاموں کو عملانے کیلئے ضلع ترقیاتی کمشنر موصوف کو آگاہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق شاعروں اور ادیبوں کا ایک وفد ڈسٹرکٹ کلچرل سوسائٹی پلوامہ کے جنرل سیکرٹری غلام محمد دلشاد کی قیادت میں ضلع ترقیاتی کمشنر پلوامہ سے ملاقی ہوا۔ وفد نے اپنے ادبی پروگراموں کو موصوف کی نوٹس میں لاتے ہوئے کہا کہ ضلع پلوامہ ادبی، ثقافتی اور تمدنی اعتبار سے اہمیت کا حامل ضلع تصور کیا جاتا ہے۔ یہاں پر شاعر کشمیر مہجور سمیت کئی نامور شخصیات نے جنم لیا ہے۔ وفد میں شامل ادیبوں اور شاعروں نے ڈپٹی کمشنر سے کھل کر بات چیت کی اور کہا کہ پلوامہ میں ایک کلچرل ہال تعمیر کرنے کی ڈسٹرکٹ کلچرل سوسائٹی پلوامہ اور مہجور فاؤنڈیشن کے علاوہ ضلع کے تمام شاعروں، ادیبوں اور قلمکاروں کی دیرینہ مانگ ہے۔ وفد میں موجود ممبران نے یہ بات بھی واشگاف انداز میں کہی کہ ادب اور کلچر کو بڑھاوا دینے کے لیے ڈسٹرکٹ کلچرل سوسائٹی کا دست تعاون ہمیشہ شامل حال رہے گا۔ ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے وفد کو یقین دلایا کہ پلوامہ میں کلچرل ہال ضرور تعمیر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سرنو پلوامہ میں ڈسٹرکٹ لائبریری تعمیر ہو رہی ہے اور فلحال اسی میں ایک بڑا ہال کلچرل ہال کیلئے فراہم کیا جائے گا۔ ساتھ ہی ترقیاتی کمشنر نے شعراء کو یہ بھی یقین دلایا کہ کلچرل ہال کیلئے جلد ہی زمین کی نشاندہی عمل میں لاہی جائے گی۔ وفد میں جی ایم دلشاد کے علاوہ نامور شاعر اور قلمکار عبدالرحمان فدا، محترمہ تاج النساء ؔ، زرگر عزیز اور عبدالرشید دلبر کے علاوہ دیگر شعراء شامل تھے۔

## پی ڈی پی ریاستی درجے کی بحالی کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں میں مصروف: این سی ترجمان

لازوال ڈیسک

سری نگر//// جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کے ترجمان عمران نبی ڈار نے منگل کے روز پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی کے بیان پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ صورتحال کے لئے پی ڈی پی ذمہ دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی پی کی غلط پالیسیوں کے نتیجے میں ہی جموں وکشمیر کے لوگوں کو آج یہ دن دیکھنے پڑ رہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار موصوف نے سری نگر میں نامہ نگاروں سے بات چیت کے دوران کیا۔ انہوں نے پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی کو اپنے گریبان میں جھانکنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر کی موجودہ صورتحال کے لئے پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی لیڈر شپ ذمہ دار ہیں۔ این سی ترجمان کے مطابق عمر عبداللہ ریاستی درجے کی بحالی کی خاطر جدوجہد کر رہے ہیں لیکن پی ڈی پی سٹیٹ ہڈ کی بحالی سے خائف نظر آ رہی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ریاستی درجے کی بحالی کی مانگ کو لے کر پی ڈی پی میں ہلچل مچ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ اسمبلی الیکشن کے دوران پی ڈی پی کو جموں وکشمیر کے لوگوں نے سبق سکھایا اور وہ کس منہ سے نیشنل کانفرنس لیڈر شپ کو ہدفہ تنقید کا نشانہ بنا رہی ہے۔ این سی ترجمان نے کہا کہ جمون وکشمیر کے لوگوں نے بی ڈی سی، پارلیمنٹ اور اسمبلی الیکشن میں پی ڈی پی کو پوری طرح سے مسترد کیا۔

## مانو پالی ٹیکنیک میں فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام کا انعقاد

لازوال ڈیسک

حیدرآباد/// مانو، پالی ٹیکنیک حیدرآباد کی جانب سے ’’پائیدار توانائی کا انتظام اور ماحولیاتی تحفظ میں پیشرفت‘‘ کے موضوع پر آن لائن فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام (ایف ڈی پی) کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس 6 روزہ ایف ڈی پی پروگرام کے لیے آل انڈیا کونسل فار ٹیکنیکل ایجوکیشن (AICTE) کے ٹریننگ اینڈ لرننگ (ATAL) اکیڈیمی کا تعاون حاصل کیا گیا تھا۔ ایف ڈی پی اس پروگرام کا مقصد اساتذہ کو عصری معلومات اور طریقہ کار اور پائیدار توانائی اور ماحولیات کا انتظامیہ سے واقف کروانا تھا۔ اس پروگرام کو مخاطب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے واضح کیا کہ عالمی شعبوں کے چیلنجس کا سامنا کرنے اور تعلیم وتحقیق کو فروغ دینے کے لیے مانو پوری سنجیدگی سے سرگرمِ عمل ہے۔ اس پروگرام میں مہمان مقرر پروفیسر عبدالواحد، ڈین، اسکول آف ٹیکنالوجی تھے۔

UNION TERRITORY OF JAMMU & KASHMIR

**OFFICE THE EXECUTIVE ENGINEER PWD (R&B DIVISION SURANKOTE**

**SHORT NOTICE INVITING TENDER**

e-NIT No.111 of 2024-25 Dated11-01-2025

**Single Cover System**

For and on behalf of the Lt. Governor, UT J&K, e-tenders (In single cover system( are invited on Percentage basis from approved and eligible Contractors registered with the J&K Govt,. CPWD, Railways, and other State/ Central Governments for thefollowing work-:

| S. No | NameofWork | Adv. Cost in lacs | Cost of Doc in Rs. | Earnest Money in Rs | Time Allowed for completion | Class of Contractor |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 1. | Construction of 30Mtr Motorable bailey Type Bridge over Bella Sanai on road Karim Shah Ziarat via Mohalla Dorogian at Bella Sanai, Tehsil Surankote District Poonch. | 49.00 | 1,100-/ | 98,000 | 120Days | “A”“B” Class |

PositionofAAA-:Accorded.PositionofT.S-:
Sanctioned.Positionoffunds:-PartiallyAvailable
TheBiddingdocumentsConsistingofqualifyinginformation,eligibilitycriteria,specifications,Drawings,billofquantities(B.O.Q,( Set of terms and conditions of the contract, and other details can be seen/downloaded fromthe departmentalwebsitehttp//:jktenders.gov.inasperthebelowschedule-:

| | | |
|---|---|---|
| 1 | Date of Publishing of Tender Notice | 11-01-2025 |
| 2 | Period of downloading of bidding documents | From11-01-2025to18-01-2025,1855Hrs |
| 4 | Bid submission Start Date | 11-01-2025 |
| 5 | BidSubmissionEndDate | 18-01-2025upto1855Hrs |
| 6 | Date&time ofopening of Technical Bids(Online | 20-01-2025on or after 1000 Hrs in the Office of Executive Engineer PWD (R&B Division,Surankote. |
| 7 | Date&time ofopening of Financial Bids(Online | Tobenotifiedafterthetechnicalbidevaluationiscompleted. |

1. Bids must be accompanied with cost of the Tender document in the shape of e-challan through Treasury indicatingTreasuryVoucherNo.&date,e-NITNo.andnameofworkdulycreditingto0059)Revenue)favoringExecutiveEngineer PWD(R&B( Division, Surankote uploading a copy of treasury challan and EMD/Bid Security in theshapeofCDR/FDR(ThedateofTreasuryChallan/Affidavitsbetweendateofstartofbidsubmissionandbidsubmissionenddate, Moreover the Challan Must have Treasury and Bank Stamp)dulypledgedtoExecutiveEngineerPWD(R&B)Division,Surankoteasmentionedinthebiddocuments.

Sd=/
Executive Engineer
PWD(R&B)Division Surankote

DIP/J-9161/24

**NOTICE**

I Sunder Singh son of Des Raj Parihar Resident of Horna Palmar Tehsil & District Kishtwar sold my vehicle bearing registration no. JK17-5635 to Jaffar Hussain son of Aziz Mohd Resident of Suzna Palmar Tehsil & District Kishtwar. Now i applied for the Ownership transfer of my vehicle. If anyone has any objections in this regard may kindly submit in the office of ARTO Kishtwar within the period of Seven days.

**ناردن ریلوے**

ای-ٹنڈر نوٹس

ڈویژنل انجینئر - تھرڈ، فیروزپور کے ذریعے صدر جمہوریہ ہند کی جانب سے مندرجہ ذیل ای - ٹنڈرز، آخری تاریخ 03.02.2025 وقت 15:00 بجے تک www.ireps.gov.in پر طلب کی جاتی ہیں۔ ٹنڈر دھندہ اپنی اصل / ترمیم شدہ ٹنڈر بند ہونے کی تاریخ اور وقت تک جمع کرسکتے ہیں۔ مینوئل ٹنڈر اہل نہیں ہے اور ایسے کسی بھی مینوئل آفر کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ٹھیکیدار ٹنڈر فارم کی لاگت اور بیعانہ رقم کی ادائیگی صرف www.ireps.gov.in پورٹل پر دستیاب آن لائن سادھنوں کے ذریعے سے جیسے نیٹ بینکنگ، ڈیبٹ کارڈ، کریڈٹ کارڈ وغیرہ سے ادائیگی کر سکتے ہیں۔ڈیمانڈ ڈرافٹ، بینکرس چیک، ایف۔ڈی۔آر۔ ورسیدوں کے ذریعے سے ادائیگی کی اجازت نیں ہے۔

| ٹنڈر کی قسم | ٹنڈر محکمہ | بولی سسٹم |
|---|---|---|
| اوپن | کام | ایکل بولی سسٹم |
| ٹنڈر اپلوڈ کرنے کی تاریخ | بولی شروعاتی تاریخ | بولی ختم ہونے کی تاریخ ووقت |
| 10.01.2025 | 20.01.2025 | 03.02.2025/ 15:00 بجے |

| نمبر شمار | ٹنڈر نمبر | ٹنڈر کی تفصیل |
|---|---|---|
| 1. | 296-2024-25-ADEN-II-ASR | اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر - سکنڈ / امرتسر کے زیر اختیار علاقہ میں بیاس - ترنتارن سیکشن میں آنے والے بیاس اسٹیشن پر سی ٹی آر (پی) 1.35 کلو میٹر اوپر اور نیچے لوپ لائن اور کلو میٹر 0.80 سے 5.70 اور کلو میٹر 10.00 سے 21.00 تک کل =15.90 کلو میٹر تک مینوئل ڈیپ اسکریننگ کا کام۔ |

| اشتہار کی قیمت (روپے) | بیعانہ رقم (روپے) | آفر کی مدت | تکمیل میعاد |
|---|---|---|---|
| 2,22,88,453.90/- | 2,61,500.00/- | 60 دن | 12ماہ |

جنرل نوعیت کا کام - مکمل ٹریک تجدیدکاری / مکمل ٹرین تجدیدکاری / مکمل فٹنگ تجدیدکاری / مکمل ٹرن آؤٹ تجدیدکاری، ٹریک کو اٹھانا کی جانچ / چھنائی، ڈسٹریسنگ، ٹریک مینٹننس مشین کے قبل اور بعد کے کام اور ٹی-28 مشین سے ٹرن آؤٹ تجدیدکاری کا کام۔

نوٹ: .1 ٹنڈر ڈالنے سے پہلے، ٹنڈر دھندگان ٹنڈر سے متعلق جاری کئے گئے کسی بھی تصحیح نامہ کی جانچ کریں گے۔ .2 ہندی میں کسی بھی تضاد کے لئے انگریزی ورژن کو دیکھیں، اور انگریزی ورژن ہی درست ہوں گے۔

نمبر:- 296-2024-25-ADEN-II-ASR مورخہ: 13.01.2025 141/2025

صارفین کی خدمت میں مسکان کے ساتھ